THE
YOUTH PARLIAMENT OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Wednesday, April 20, 2012
(4th Session)
No. 05
(Nos. 01-05)

CONTENTS

		Pages
1.	Recitation from the Holy Quran……………………..	1
2.	Call Attention Notice……..…………………………..	
3.	Resolution ……………………………...…………..	

(Prepared by the Reporting Section Senate of Pakistan)

YOUTH PARLIAMENT
DEBATES

Wednesday, April 20, 2012

The Youth Parliament met in the Margalla Hotel, Islamabad at 9:30 a.m. in the morning with Madam Deputy Speaker (Sarah Abdul Wadood Khan) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِا للّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

Madam Speaker: Ms. Seep Akhtar Channer and Mr. Mohammad Zafar Siddique, Mr. Ubaid Ur Rehman, Mr. Saleem Khan, Mr. Omair Najam and Mr. Waquas Ahmed would

Ms.Seep Akhtat:

”This House is of the opinion that in order to fulfill our energy requirements, Iran-Pakistan gas pipeline should be completed by 2014 without taking international pressure as we are in dire need of energy. Besides generating 5000 MW of electricity to plug the electricity shortfall, this project holds critical and strategic importance for Pakistan“.

We all know that Pakistan has been on a quest for Iran-Pakistan pipeline which has been embedded in the geopolitics of energy. This project is a feasible and doable project but sadly it has been lingering since 1995 when an MOU was signed to construct the pipeline.

یہ پائپ لائن بنیادی طور پر natural gas deliver کرنے کے لیے ایران، پاکستان اور انڈیا کے لیےdesign کی گئی تھی۔ اس کو IPI کہا جاتا تھا۔ یہ gas field --- south سے start ہونی تھی it would pass from Bandar Abbas to Sui to Multan and finally to Delhi at an estimated cost of 7.5 billion dollar. اس کو peace pipeline کا نام دیا جاتا تھا because there was hope کہ یہ اس region میں peace لے کر آئے گی۔ اسی وجہ سے 2003 میں ایکform working group to move this project, کیا گیا

تھا۔ اسلام آباد نے تہران کو واضح طور پر بتا دیا تھا کہ if India does not take this forward then we are going to pursuit as an independent project. انڈیا نے 2007 میں over concerns of price and security, back out کر دیا تھا لیکن کل ہی Blue Party کی ایک ممبر بتا رہی تھیں کہ انڈیا نے دوبارہ join کر لیا ہے so may be things change. Now in spite of US opposition, Pakistan Iran signed an agreement for this pipeline on March, 16. The presidents of the two countries have signed inter governmental framework declaration sign کیا تھا۔ ہم سب جانتے ہیں کہ پاکستان میں energy crisis کا کیا حال ہے۔ ہمارے گھروں میں بجلی نہیں ہوتی۔ On a personal note in my home in Karachi چار،چار گھنٹے تک بجلی نہیں ہوتی۔ ہم نہ پڑھ سکتے، نہ کچھ کھا سکتے ہیں، نہ ٹی وی دیکھ سکتے ہیں بلکہ ٹھنڈا پانی بھی نصیب نہیں ہوتا۔ Now we have to realize that we need energy and we should stand firm to get it from where ever we can without coming under anybody's pressure. ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ ہم 2014 اس project کو مکمل کر لیں ورنہ ہمیں بہت سی penalties pay کرنی پڑیں گی۔ اب ہم اس project کے پیچھے کیوں بھاگ رہے ہیں؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ 5000 MW power generation کو support کرے گی جو obviously power shortage crisis کو overcome کرے گا۔

ہم جو agony suffer کر رہے ہیں، ہمیں اس میں نہیں جانا پڑے گا۔ اس کا current status یہ ہے کہ out of the 2775 kilometer pipeline, ایران کی طرف سے 907 kilometers complete ہو چکی ہے۔ Pakistan is trying to arrange finances from a Russian company gas, luckily that is agreed to give us finances and 7th April of this year, this agreement was signed. ہم سب امید کرتے ہیں کہ یہ project ہمارے لیے ایک saving grace کے طور پر کام کرے گا۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جناب محمد ظفر صدیق صاحب۔

جناب محمد ظفر صدیق: میڈم سپیکر! جب تک پاکستان میں ایسی قیادت نہیں آتی جو political will رکھتی ہو، national vision رکھتی ہو کہ پاکستان کے اندرونی resources استعمال کرتے ہوئے پاکستان کے energy crisis solve کر سکتے، تب تک پاکستان کو energy generate کرنے کے لیے بیرونی ممالک سے fuel import کرنا پڑے گا۔ اس صورتحال میں ایران پاکستان گیس پائپ لائن سے بہتر

کوئی opportunity available نہیں ہے۔ اس کے علاوہ gas pipeline diplomacy سے دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات قائم ہوں گے۔ مشکل وقت میں ہم ان کا ساتھ دیں گے، وہ ہمارا ساتھ دیں گے۔ آپ کو یاد ہو گا کہ 1965 کی جنگ میں ایران نے ہمارے لیے strategic depth کا کردار ادا کیا تھا۔ جنگ کے دوران انہوں نے ہمیں gasoline and aviation fuel provide کیا تھا۔ اس کے علاوہ ہمارے civilian plans Iranian airports پر رکے تھے۔ اس پائپ لائن کے مکمل ہونے سے سندھ اور بلوچستان کے backward areas کے لوگوں کو روزگار میسر ہو گا۔ ہمارے petroleum minister کے مطابق اگر ہم ایران سے آنے والی گیس استعمال کریں گے تو ہم 1.735 billion dollar سالانہ بچا سکیں گے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم initial investment ایک سال میں ہی حاصل کر لیں گے۔ پاکستان کے لیے یہ win win situation ہے لیکن امریکہ کہتا ہے کہ ایران پر sanctions لگی ہوئی ہیں، اس کے ساتھ کوئی trade نہیں ہونی چاہیے۔ میں یہ سمجھانا چاہتا ہوں کہ یہ international sanctions نہیں ہیں۔ یہ United Nations کے chapter 7 کے تحت نہیں لگیں۔ ہم follow کریں یا نہ کریں ہم bound نہیں ہیں۔ ہمیں دنیا کو سمجھانا ہے کہ ایران پاکستان گیس پائپ لائن پاکستان کی survival کا مسئلہ ہے۔ ہم وہ کریں گے جو پاکستان اور اس کے عوام کی بہتری میں ہو گا۔ ہم کسی کی dictation, direction نہیں لیں گے۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اگر ہم نے US directions نہ مانیں تو ہم پر sanctions لگ جائیں گی۔ 2003 میں جب عراق کی جنگ ہوئی تو اس پر UN کی sanctions لگی ہوئی تھیں۔ US نے ہمیں کہا کہ عراق کے خلاف اپنی فوجیں بھیجو، ہم نے دنیا کو سمجھایا کہ پاکستان عراق میں فوجیں بھیج کر ان کے خلاف جنگ لڑے یہ ہمارے interest میں نہیں ہے۔ ہم نے فوجیں نہیں بھیجیں، ہم پر کوئی sanctions نہیں لگیں۔ اس لیے ہمیں ڈر کی بنیاد پر اپنی policies نہیں بنانی، ہمیں پاکستان کے interest میں اپنی policies بنانی ہیں۔

جہاں تک انڈیا کا تعلق ہے ، انڈیا نے US کے under pressure اس project سے withdraw نہیں کیا بلکہ اپنے interest and negotiations سے with draw کیا ہے کیونکہ انہوں نے اپنے energy crisis کو پورا کرنے کے لیے civil nuclear treaty agreement کر لیا ہے - اب وہ nuclear technology استعمال کریں گے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: شکریہ۔ جناب عمیر نجم صاحب۔

جناب عمیر نجم: میڈم سپیکر! شکریہ۔ قوموں کی تاریخ میں ایسے مواقع بہت کم آتے ہیں کہ جہاں پر فیصلے کرنے سے قوموں کی زندگی بدل جاتی ہے۔ میرے خیال میں پاک ایران گیس پائپ لائن ایک ایسا منصوبہ ہے کہ اگر وہاں پر ہم دور اندیشی، خودمختاری اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک stand لے لیں تو اس سے یہ ہو گا کہ پاکستان کی economic and energy crisis کے تمام مسائل حل ہو جائیں گے اور پاکستان آنے والے بہت سے سال کے لیے energy میں خود کفیل ہو جائے گا۔ پاکستان کے لیے یہ چیز immense importance کی ہے ۔ محترمہ سپیکر! پاکستان ایک sovereign state ہے اور اس کے پاس پورا اختیار ہے کہ وہ اپنی integrity کا خیال رکھے اور اس حفاظت کرے لیکن پاکستان کے ساتھ دنیا کی super power امریکہ نے ہمیشہ double standard روا رکھا ہے۔ اس کو جب ضرورت ہوتی ہے پاکستان کو ہر کام کرنے کی اجازت دے دیتا ہے اور جب اس کو لگتا ہے کہ یہ کام پاکستان کی بہتری کے لیے ہے، وہ ایک ایسے منصوبے کو جس کی وجہ سے پاکستان کی energy defeciecy ختم ہو سکتی ہے، اس کو defer کرتا ہے اور pressurize کرتا ہے اور ساتھ انڈیا کو کہتا ہے کہ وہ اس کسے back out کرے۔ اس کے ساتھ وہ economic sanctions لگانے کی دھمکی بھی دیتا ہے۔ وہ اس چیز کو کیوں مدنظر نہیں رکھتا کہ West جو اس کا سب سے بڑاally ہے، وہ ایران سے سب سے زیادہ oil purchase کرتا ہے۔ وہاں تو کوئی economic sanctions نہیں ہیں لیکن پاکستان کے لیے double standard کیوں ہے؟

محترمہ سپیکر!پاکستان کو ہمیشہ اپنی strategic situation cash کرانے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کی جو location ہے، اس کو وہ کبھی بھی cash نہیں کرا سکا۔ اگر تاریخ میں دیکھا جائے تو جب عراق کے ساتھ امریکہ کی جنگ ہوئی تو مصر نے وہاں پر اپنی صورتحال کو cash کرایا اور اپنے جتنے بھی قرضے تھے، سب کو معاف کرا لیا۔ پاکستان کی یہ صورتحال ہے کہ وہ ان کو صحیح طور پر reschedule بھی نہیں کرا سکا۔میڈم سپیکر! اگر امریکہ پاکستان کو اس اہم معاہدے سے روکتا ہے تو وہ پاکستان سے ایک اہم معاہدہ کیوں نہیں کرتا جس کا اس نے انڈیا کے ساتھ معاہدہ کیا ہے یعنی Civil Nuclear Treaty پاکستان کے ساتھ بھی کیا جانا چاہیے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب عبید الرحمٰن صاحب۔

جناب عبید الرحمٰن:شکریہ، سپیکر صاحبہ۔ ہم جب ایران پاکستان gas pipeline کی بات کرتے ہیں تو ہمارے پاس facts and figures ہونے چاہییں کہ کس وجہ سے پاکستان کی security, viability کے لیے یہ ایک strategic asset کے طور پر یہ ضرورت بن گئی ہے کہ پاکستان ایران سے گیس لے۔ اس حوالے سے دیکھیں کہ textile and fertilizer sectors ہر سال 20% میں جا رہے ہیں۔ KESC 25% gas consume کر پا رہا ہے کیونکہ آپ کے پاس capability نہیں ہے کہ آپ اس کو gas provide کر سکیں۔ ہر سال 10 to 15% gas shortage ہو رہی ہے۔ آپ کو اس کا cumulative effect نظر آتا ہے کہ ہر سال 2% loss ہو رہا ہے اگر آپ energy sector کو گیس نہیں دیتے اور ماضی میں جو policies بنائی گئیں، اس میں gas sector کے حوالے سے بہت زیادہ conversion آئی ہے۔ Industries کے ساتھ ساتھ سارا transportation sector CNG پر منتقل ہو گیا ہے۔ اس لیے پاکستان میں energy کی grave shortage ہے۔ موجودہ دور میں اس strategic asset کی protection لیے آپ force use کرتے ہیں۔ امریکہ کا ایک doctrine ہے کہ اگر آپ اس کی energy suppliesکو روکتے ہیں تو وہ act of war consider ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں بھی یہ سوچ آنی چاہیے کہ ہماری viability کے لیے یہ کتنی اہم ضرورت ہے۔ یہ دیکھنے والی بات ہے کہ کیا ایران کے پاس ایسے gas reserves ہیں اورپاکستان کے پاس کتنی shortage ہے۔ پاکستان کے پاس 40 to 50 trillion cubic feet gas موجود ہے اور State Bank of Pakistan کی report کے مطابق پاکستان میں موجودہ حالت میں اپنے آدھے سے زیادہ ذخائر استعمال کر چکا ہے۔ اس وقت پاکستان کے ذخائر conservative estimates کے مطابق 2025 تک چل سکتے ہیں اور اس کے بعد یہ بھی ختم ہو جائیں گے۔ اگر آپ کی population and consumption rate بڑھتا رہا تو آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ پاکستان کے لوگ کہاں جائیں گے۔

آپ یہ دیکھ سکتے ہیں کہ 1998 سے gas exploration کا شعبہ neglect ہوتا رہا ہے اور کوئی بڑی gas field discover نہیں ہوئی۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے ہاں جو provincial contribution towards the gas ہے، اس میں بھی drastic تبدیلی آئی ہے کہ بلوچستان کے gas reservoirs ختم ہوتے جا رہے ہیں اور وہ اس وقت صرف 20% contribute کرتے ہیں اور ہم 71% گیس سندھ سے لے رہے ہیں۔ یہ بھی پاکستان میں بے چینی کا سبب بن رہا ہے۔ اب ہم دیکھتے ہیں کہ ایران

کے پاس کتنے gas reservoirs ہیں اور کیا ایران ہماری ضرورت پوری کر سکتا ہے اور کرنا چاہیے۔ ایران کے پاس 900 trillion cubic feet gas موجود ہے اور وہ 750 million cubic feet gas export کرتا ہے۔ اس کے contacts آرمینیا، جارجیا اور ترکی سے ہوتے ہوئے European Union سے جا ملتے ہیں اور یہاں سے ان کی گیس باہر کی مارکیٹ میں جاتی ہے۔ پاکستان کو اگر ایران کی مارکیٹ تک رسائی ملتی ہے تو پاکستان ایران کے ساتھ جارجیا، آرمینیا اور عراق کی طرف سے بھی gas import کرنے کے قابل ہو جائے گا۔ یہ معاہدہ کیوں اہم ہے؟ یہ اس وجہ سے ہے کہ یہ اگلے پچیس سال تک gas security فراہم کرتا ہے۔ آپ کو پچیس سال کی جتنی بھی ضرورت ہو گی تو انشاء اللہ آپ کو کوئی مسئلہ نہیں ہو گا۔ اگر آپ کو alternate کے طور پر nuclear energy دی جاتی ہے تو civil nuclear معاہدہ بھی بہت مہنگا ہے اور ترکمانستان سے gas pipeline کی بات کی جاتی ہے تو وہ بھی بہت مہنگا ہے۔ امریکہ ایک اور alternate دیتا ہے وہ قطر کی طرف سے Liquefied Natural Gas لانے کی بات کرتا ہے لیکن یہاں پر LNG کا کوئی set up نہیں ہے کہ اس کی distribution کس طرح سے ہو گی اور وہ کس طرح سے industries میں تقسیم ہو گی۔ لہذا ہمارے پاس only viable alternate جو ہمارا strategic asset رہ جاتا ہے ، وہ ایران پاکستان گیس پائپ لائن ہے۔ اس کے علاوہ یہ معاہدہ پچھلے بیس سال سے اسی طرح سےپس و پیش کا شکار ہے۔ یہ معاہدہ 1994 سے شروع ہوا تھا اور ہم آج بھی پس و پیش میں مبتلا ہیں۔ ہماری resolution میں 2014 کی بات اس وجہ سے کی گئی ہے کہ 2009 میں یہ معاہدہ باقاعدہ دستخط ہو چکا ہے۔ ایران کی طرف سے اکیس سو کلو میٹر پائپ لائن بچھائی جانی تھی، وہ اپنی طرف سے انیس سو کلو میٹر پائپ لائن بچھا چکے ہیں۔ پاکستان کی طرف سے صرف ایک ہزار کلو میٹر پائپ لائن بچھائی جانی تھی ، اس میں سے پانچ سو کلو میٹر بچھائی جا چکی ہے، اب سوال یہ ہے اس کو مکمل کیا جائے۔

Mr. Attiq-ur-Rehman: Point of Order.

میڈم ڈپٹی سپیکر: عبید الرحمٰن صاحب، آپ تشریف رکھیں۔

جناب عتیق الرحمن: میں facts ٹھیک کرانا چاہتا ہوں کہ یہ نو سو کلو میٹر تھی۔ میں اس resolution میں ایک change چاہتا ہوں۔ یہاں پر --

Madam Deputy Speaker: On a point of order, how can you change this?

جناب عتیق الرحمن: میں یہ change کرانا چاہتا ہوں کہ ان کی 900 km complete ہو چکی ہے and they are supposed to complete 1100 km.

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب محمد تیمور شاہ صاحب۔

جناب محمد تیمور شاہ: شکریہ، میڈم سپیکر۔ جو resolution پیش کیا گیا ہے، اس پر یقیناً اپوزیشن کو بھی کوئی اختلاف نہیں ہو گا کیونکہ ہم سب یہ چاہتے ہیں کہ ملک کے مسائل حل ہوں۔ ہم نے energy crisisکو maintain and deal کرنا ہے۔ اس سلسلے میں ہم ایران سے جو گیس لے رہے ہیں، اس کے لیے ہمیں یہ دیکھنا پڑے گا کہ ہمارے پاس دیگر کیا sources ہیں۔ Iran, Pakistan gas pipeline, immediately we should pursue it, without any external pressure. ہمیں یہ بھی دیکھنا ہے کہ ہمارے ملک کی آبادی اور اس کی demand کس طرح سے بڑھ رہی اور ہمارے ملک کی industrialization کس طرح سے بڑھ رہی ہے۔ ہمارے ملک میں thermal energy سے جتنی بجلی پیدا کی جاتی ہے اس کا ایک بڑا حصہ natural gas سے پیدا کیا جاتا ہے۔ اسی طرح سے fertilizer companies, textile industry اور اب تو generators بھی natural gas پر shift ہو رہے ہیں۔ ہم Iran, Pakistan pipe line کو pursue کریں لیکن اس کے ساتھ ساتھ دیگر projects کو بھی pursue کریں۔ Thank you very much.

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب سلیم خان صاحب۔

جناب سلیم خان: میڈم! میں جو باتیں کرنا چاہتا تھا وہ سب ہو گئی ہیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب وقاص احمد صاحب۔

جناب وقاص احمد: میڈم سپیکر! بہت شکریہ۔ سب سے پہلے ہمیں اس پر غور کرنا ہو گا کہ ایران اور پاکستان کے شروع سے ہی اچھے تعلقات رہے۔ ایران پاکستان کو accept کرنے والا پہلا ملک تھا اور پاکستان پہلا ملک تھا جس نے ایرانی revolution endorse کیا تھا۔ ایران گیس پائپ لائن کا idea 50's میں ہی آ گیا تھا۔ ملک آفتاب احمد ایک نوجوان civil engineer تھے، انہوں نے ایک paper لکھا تھا جو mid 50's میں Persian pipeline کے نام سےشائع ہوا تھا ۔ اس کا source ہے Iran, Pakistan peace pipeline by Dr. Noor ul Haq. امریکہ جو ہم

پر قدغن لگانا چاہتا ہے کہ آپ ایسا نہ کیجیے، ہم اگر اس کی بات کرتے ہیں تو امریکہ ہمارے اندرونی معاملات اس طرح سے discuss نہیں کر سکتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ایسا کوئی قانون نہیں ہے کہ امریکہ یہاں آ کر ہمارے اندرونی معاملات میں مداخلت کرے۔ یہ ہمارا مسئلہ ہے اور ہم اس کو حل کرنا چاہتے ہیں۔ پاکستان پہلا ملک نہیں ہے جس نے ایران کے ساتھ گیس پائپ لائن کا معاہدہ کیا ہے۔ ایسے بہت سے ممالک ہیں،جن میں European countries بھی شامل ہیں۔ میں ترکی اور آرمینیا کا نام لوں گا جو پہلے سے ہی معاہدہ کر چکے ہیں اور وہاں پر ایران سے گیس جا رہی ہے۔

ایک دفاعی تجزیہ نگار Con Coughlin,19-2-2012کے Daily Telegraph میں لکھتے ہیں کہ اگر پاکستان یہ معاہدہ کرنا چاہتا ہے تو اس کے لیے سب سے زیادہ feasible یہ ہو گا کہ اس project میں انڈیا یا چین میں سے کسی ایک کو ضرور شامل کرے کیونکہ اگر کل کوئی problem بھی ہوا تو اس وجہ سے اس problem کی intensity reduce ہو جائے۔ یہ بہت اہم بات ہے، اس پر ہمیں ضرور غور کرنا چاہیے۔ ابھی بتایا گیا ہے کہ اس میں انڈیا شامل ہو چکا ہے تو یہ خوشی کی بات ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب کاشف بدر صاحب۔

جناب کاشف یوسف بدر: شکریہ، محترمہ سپیکر صاحبہ۔ With due respect, I just want to add one thing apart from Iran, Pakistan gas pipeline.

Madam Deputy Speaker: No, should not be apart from it.

جناب کاشف یوسف بدر: ہماری Economic Coordination Committee میں last weekعبدالحفیظ شیخ صاحب کے ایک draft کو approve کیا ہے جو agreement ہے۔ اس کا نام TAPI ہے، Tajikistan, Afghanistan, Pakistan, India gas pipeline. ایران جو ہمارے ساتھ گیس پائپ لائن کا agreement کر چکا ہے ،اس سے اس کے rates 8% cheap ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس میں انڈیا eagerness show کر رہا ہے مگر ایران والی میں back out کر گیا ہے کیونکہ یہ US backed ہے۔

Madam Deputy Speaker: Ok, but right now we are talking about Iran, Pakistan gas pipeline. So we should strict to it. Thank you. Najeeb Abid Sahib.

جناب نجیب عابد: شکریہ، میڈم سپیکر۔ میں اس پر زیادہ وقت نہیں لوں گا مگر بلوچستان سے ہونے کے ناطے میں یہ بتانا چاہوں گا

کہ اس پائپ لائن کی بلوچستان کی تین جگہوں پر اس کی identification کہ کہاں سے cross کرے گی۔ یہ تفتان، پنجگور اور جیونی بارڈر ہے۔ میں اگر بلوچستان کے حوالے سے بات کروں تو اس کے بہت سے فائدے ہیں۔ بلوچستان کی اتنی بڑی زمین استعمال ہونے کی وجہ سے بلوچستان کو جو royalty ملے گی ، وہ بلوچستان کی حکومت کے لیے بہت فائدہ مند ہو گی۔ مگر پہلے confidence building measures ہونے چاہییں کیونکہ بلوچستان کے جو حالات ہیں، وہ اس کو آسانی سے نہیں آنے دیں گے۔ لہٰذا اگر اس کو کامیاب کرنا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ یہ کامیاب ہو کیونکہ بلوچستان، گوادر کے مسائل بھی حل ہوں گے اور گوادر کو energy ملنے کی وجہ سے وہ Central Asia کی بہترین بندرگاہ بن جائے گا۔ اگر بلوچستان کی سرزمین کو امن و آشتی کا گہوارہ بنایا جائے تو اس پائپ لائن کے نتیجے میں پاکستان بے حد ترقی کر سکتا ہے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب حسیب احسن صاحب۔

جناب محمد حسیب احسن: میڈم سپیکر! شکریہ۔ ہر کوئی جانتا ہے کہ ہمارے ملک میں energy crisis کس حد تک بڑھ چکا ہے۔ ہماری بدقسمتی رہی ہے کہ گزشتہ آٹھ سالہ so called جمہوری دور میں اس سلسلے میں خاطر خواہ اقدامات نہیں کیے گئے۔ ماضی میں جو حکومتیں تھیں، اگر انہوں نے کوئی معاہدہ کرنے کی کوشش کی تو اس کو پس پشت ڈال دیا گیا۔ کچھ عرصے سے ہمارے ہاں یہ crisis اتنا شدید ہو گیا ہے کہ گھروں میں چولہے بجھ گئے ہیں۔ معاشی حالت بد سے بد تر ہو گئ ہے۔ Industries بیرون ملک منتقل ہو رہی ہیں۔ غربت سے تنگ آ کر کوئی خود کو آگ لگا رہا ہے اور کوئی گلے میں پھندا ڈال لیتا ہے۔ ہمارا ملک تنزلی کی طرف گامزن ہے۔ ہمیں ہر حال میں بغیر کسی دباؤ کے ایران کے ساتھ گیس پائپ لائن کے معاہدے کو مکمل کرنا ہو گا۔ ہمیں اپنی معیشت پر کسی بیرونی طاقت سے compromise نہیں کرنا ہو گا۔

میڈم سپیکر! دوسری بات یہ ہے کہ international law ہے کہ اگر کوئی project 60% سے زیادہ مکمل ہو جائے تو اس کو نہیں روکا جا سکتا، اس کو ہر حال میں مکمل کیا جاتا ہے۔ اس لیے ایران کی طرف کافی حد تک پائپ لائن بچھ چکی ہے، اس لیے اس معاہدے کو continue کرنا چاہیے۔ I fully support this resolution and want positive response from the government of Pakistan. Thank you.

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترم جناب احمد نمیر فاروق صاحب۔

جناب احمد نمیر فاروق: میں اس میں ایک وضاحت کرنا چاہتا تھا۔ اس resolution میں لکھا گیا ہے کہ it will generate 5000 mega watt electricity. اس کے بارے میں کیا statistics ہیں کہ وہاں سے کتنی گیس آئے گی۔ یہ تو نہیں کہ وہاں سے گیس آئے گی اور آپ کی electricity generation start ہو جائے گی۔ اس کے لیے آپ کو power houses بنانے پڑیں گے۔ یہ ٹھیک ہے کہ ہمارے پاس installed capacity ہے لیکن fuel نہیں ہے لیکن وہ capacity 5000 mega watt نہیں بلکہ 3000 mega watt ہے۔ ہمیں پھر بھی 2000 mega watt کے Thermal Electric Power Stations install کرنے پڑیں گے۔

دوسرا یہ کہ Thermal Electric Power ہمارا solution نہیں ہے، جس طرح سے کافی لوگوں نے کہا کہ Thermal Electric Power environment کے لیے بہت بری ہوتی ہے اور وہ بہت زیادہ expensive ہے۔ اس لیے ہمیں hydro پر ہی focus کرنا چاہیے اور ہمارے پاس جو گیس آئے گی اس کو fertilizer sector کی طرف direct کرنا چاہیے کیونکہ یہ fertilizer sector پاکستان میں کافی suffer کر رہا۔ ہمارے ہاں گیس thermal sector, electricity generating sector کو دی جاتی ہے۔ جب fertilizer sector suffer کرتا ہے تو wheat price automatically increase ہوتی ہے اور سارا بوجھ عوام پر ہی آتا ہے۔ اس لیے میں چاہتا ہوں کہ اس میں electricity mention کی گئی ہے، اس کی بجائے ہمیں fertilizer sector mention کرنا چاہیے کہ آپ یہ گیس fertilizer sector کو دیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب گلفام مصطفٰے صاحب۔

Mr. Fahad Mazhar: Madam Speaker, as we know, we have time constraint and there is a lot to do according to the Orders of the day.

Madam Deputy Speaker: Yes, but he is speaking at the moment. You should not interrupt like that. Thank you.

جناب گلفام مصطفٰے: میں اس تفصیل میں نہیں جاؤں گا کہ اس گیس پائپ لائن کے کیا فوائد اور کیا نقصانات ہیں۔ میرے خیال میں House میں موجود زیادہ تر لوگ اس بات سے اتفاق کریں گے کہ یہ پائپ لائن پاکستان کے لیے فائدہ مند ہے اور فوری ضرورت بھی ہے۔ میں اتنا کہنا چاہوں گا کہ یہ معاہدہ 16-3-2010 میں sign ہوا تھا اور جنوری 2010 سے USA ہم پر دباؤ ڈال رہا ہے کہ ہم اس گیس پائپ لائن

کے project کو موخر کر دیں اور اس کو further peruse نہ کریں۔ 2009 میں انڈیا اس لیے اس سے پیچھے ہٹ گیا تھا کہ USA نے انڈیا سے جو nuclear deal کی ہے، اس میں یہ شرط تھی کہ وہ ایران کے ساتھ گیس پائپ لائن کے منصوبے پر کام نہیں کرے گا۔ USA ہم پر دباؤ ڈالتا ہے اور دوسری طرف ہمارے ساتھ اس قسم کا کوئی معاہدہ کرنے سے بھی انکاری ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس کا دوغلا پن ہے۔ ہمیں اپنی foreign policy کے حوالے سے کوشش کرنی چاہیے کہ اگر امریکہ اپنے مفادات کا تحفظ کرتا ہے تو ہم بھی اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے عالمی forums کو استعمال کریں۔ یہ گیس پائپ لائن 2014 تک مکمل ہونی ہے، ہم معاہدہ sign کر چکے ہیں اور ا س میں یہ بھی طے کیا ہے کہ اگر ہم 2014 تک گیس پائپ لائن مکمل نہیں کریں گے تو ایران کو penalty کے طور پر روزانہ کی بنیاد پر ایک ملین امریکی ڈالرز دینے ہوں گے۔ ہماری کمزور معیشت یقینی طور پر اس قابل نہیں ہے کہ ہم ایران کو یہ penalty pay کر سکیں۔ اس میں ہمیں نہ صرف USA کی طرف سے دباؤ کا سامنا ہے بلکہ ایران اور سعودی عرب کے جو باہمی اختلافات ہیں، اس وجہ سے سعودی عرب بھی اس کی مخالفت میں سرفہرست ہے۔ پندرہ اپریل کو سعودی عرب نے بھی پاکستان کو ایک مرتبہ پھر pressurize کیا تھا اور اس کے کچھ alternative packages بھی offer کیے تھے۔ ہمارا جو Foreign Office ہے، میں ان تک اپنی آوا ز پہنچانا چاہوں گا کہ اگر ضرورت ہو تووہ اپنی policy کو اس طرح سے amend کریں اور فوری طور پر عالمی سطح پر اس سلسلے میں آواز اٹھائیں اور اس منصوبے کو فوراً مکمل کیا جائے تا کہ ہمیں ایک طرف جو 8.7 billion cubic meter feet گیس ملے گی وہ ہماری معیشت کو support کر سکے اور دوسری طرف ہم اس penalty سے بھی بچ سکیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جی Leader of Opposition آپ کیا کہنا چاہتے تھے؟

جناب فہد مظہر: میڈم! یہ کوشش کی جائے کہ جو solutions and way forward دیا جا رہا ہے، اس تک ہی restrict رہا جائے کیونکہ we are running short of time.

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محترمہ مہرین سیدہ صاحبہ۔

محترمہ مہرین سیدہ: ہمارے پاس پہلے ہی وقت بہت کم ہے۔ اس پر بہت بات ہو چکی ہے۔ میں اس resolution کو support کرتی ہوں اور

اس بات سے بہت خوشی ہو گی کہ ہم ایک اسلامی ملک کے ساتھ یہ معاہدہ کر رہے ہیں۔ میں یہ بھی کہنا چاہوں گی کہ بہت سے منصوبے بنتے ہیں، بہت سی چیزیں ہوتی ہیں، obviously اس سے بھی پاکستان کو بہت فائدہ ہو گا لیکن زیادہ اہم چیز یہ ہے کہ بے شک منصوبہ مکمل ہو لیکن جب پاکستان میں گیس آئے تو پورے انصاف سے پاکستان میں فراہم کی جائے۔

Madam Deputy Speaker: Mr. Muhammad Waqar Chaudhary would like to propose an amendment in this resolution.

Mr. Muhammad Waqar: I will suggest to amend this resolution as. This House is of the opinion that in order to fulfill our energy requirements, Iran, Pakistan gas pipeline should be completed within the given timeframe instead of by 2014. The project is expected to complete by December, 2014

لیکن agreement کی clauses میں جو mention کیا گیا ہے، اس پر دونوں parties agreed ہیں، ہم as a single party agreement کی clauses کو amend نہیں کر سکتے۔ اس لیے timeframe according to agreement ہونا چاہیے۔ اس resolution کے تحت ہم اس کو اسی طرح implement کرنے کے bound ہوں گے۔

میں دوسری بات تاجکستان، افغانستان، پاکستان اور انڈیا۔۔۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ amendment بتائیں۔

جناب محمد وقار: وہ میں نے بتا دی ہے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Now I put the resolution to the House.

This House is of the opinion that in order to fulfill our energy requirements, Iran, Pakistan gas pipeline should be completed within the given timeframe without taking international pressure. As we are in dire need of energy. Besides generating 5000 mega watt of electricity to plug the electricity shortfall this project holds critical and strategic importance for Pakistan.

(The motion was adopted)

Madam Deputy Speaker: Mr. Ahmed Numair Farooq, Miss Shaheera Jalil Albasit and Mr. Gohar Zaman would like to move the resolution. Mr. Ahmed Numair Farooq.

Mr. Ahmed Numair Farooq: Thank you, Madam Speaker.

This House is of the opinion that due to the prevalent administrative and the lack of governance in the remote areas of

various provinces. Resources are not being utilized to the fullest and there is a lack of provision of rights to the people. Therefore, there is a dire need to demarcate the provinces solely on administrative basis and prompt action should be taken in this regard.

جب demarcation کے بارے میں calling attention notice آیا تھا تو ہم نے اس پر کافی بحث کر لی تھی اور Youth Prime Minister and Leader of Opposition سے بھی اس بارے میں بات ہوئی تھی اور یہ consensus develop ہو گیا تھا یہ administrative basis پر ہونے چاہییں اور اس بارے میں کافی بحث ہو چکی ہے کہ administrative basis, linguistic or ethnic basis سے کس طرح بہتر ہے۔ میرے خیال میں اس پر مزید بحث کرنے کی بجائے ووٹنگ کرا لیں تو بہتر ہو گا۔

Madam Deputy Speaker: Mr. Prime Minister.

جناب وزیر اعظم: اس پر کافی بحث ہو گئی لیکن کچھ لوگ ایسے تھے جن کو موقع نہیں ملا تھا ۔ اگر وہ ہی صرف بات کر لیں then we will have voting.

میڈم ڈپٹی سپیکر: محترمہ شہیرہ جلیل۔

محترمہ شہیرہ جلیل الباسط: میڈم سپیکر! اس پر کافی بحث ہو چکی ہے and the good point is that with the Opposition consensus develop ہو چکا ہے کہ administrative lines پر demarcation ہو گی۔ یہاں پر جو point mentioned ہے with prompt actions پر میں تھوڑی سی elaboration دے دیتی ہوں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ working promptly start ہو جائے گی۔ Definitely we will see its effect جب working ہوتی چلی جائے گی تو دو، تین سال as much time as it will take. I will forward it to the rest of the people. Thank you.

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب گوہر زمان صاحب۔

جناب گوہر زمان: میڈم سپیکر! شکریہ۔ پہلے کافی بات ہو چکی ہے، وقت کی کمی ہے اور ہمارا مقصد ہے کہ ہم وقت کو بہتر طور پر استعمال کریں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب قائد حزب اختلاف۔

جناب فہد مظہر: میڈم سپیکر! بہت شکریہ۔ جیسا کہ Prime Minister Sahib نے بات کی اور honourable members نے بات کی کہ consensus develop ہو چکا ہے لیکن میں صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ اس کا جو بھی mechanism develop ہو گا، جیسا کہ آپ نے propose

کیا ہے کہ ایک کمیٹی بنے گی، جس کے Prime Minister Sahib اور میں ممبر ہوں گے اور ہم propose کریں گے۔ اس سلسلے میں ہم parties میں آپس میں consultation کر کے نام secretariat دے دیں گے۔ اس کی جو formulation ہو گی، اس کا جو process ہو گا ، اس کا پاکستان کی ساری territory پر equally ہو گا۔ جہاں پر لوگ demand کریں گے، ہم نے یہ شرط پہلے ہی رکھی تھی تو ہم ان سے کہہ کر کریں گے اور اس کو اسی base پر کیا جائے گا۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: گلفام مصطفےٰ صاحب۔

جناب گلفام مصطفےٰ: شکریہ۔ میں صرف ایک تجویز دینا چاہ رہا ہوں۔ پہلے بہت بحث ہو چکی ہے لیکن ابھی کمیٹی کی بات کی گئی ہے تو میں اس حوالے سے یہ کہوں گا کہ اس میں ان لوگوں کو لازمی شامل کیا جائے ہم جن علاقوں کے مسائل کے حوالے سے بات کر رہے ہیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ Now I put the resolution to the House.

جناب سلمان خان شنواری: میڈم! اگر مجھے بات کرنے کا موقع دیں۔ محترمہ! ہم ایک جمہوریت میں رہتے ہیں اور جمہوریت کا مطلب لوگوں کا راج ہوتا ہے۔ یہاں پر لوگ جو چاہتے ہیں، وہی ہو گا کیونکہ ہم لوگ جو parliament میں بیٹھے ہیں، we are the representatives of the people, we are not the rulers ہمیں چاہیے کہ ہم اس طرح کی policies بنائیں جو لوگوں کے مفاد میں ہوں اور لوگ جو چاہتے ہیں، وہ بھی ہو اور وہ constructive ہوں۔ اس سے کوئی disagree نہیں کرتا کہ administrative basis پر ہونا چاہیے لیکن ہمارے لوگ بہت emotional ہیں، نہ صرف ہمارے لوگ بلکہ یہ انسانی فطرت ہے۔ ہم نے اس resolution کواس چیز سے constrain کر لیا ہے کہ صرف administrative basis پر ہو۔ میں یہ propose کرنا چاہتا ہوں کہ اس کو ایک broader context میں دیکھا جائے۔ اس میں ہم دیکھیں کہ اگر ہم administrative basis پر کریں گے تو جو لوگ کہہ رہے ہیں کہ provinces بنائے جائیں تو کیا وہ بیٹھ جائیں گے؟ کیا وہ اتنے آرام سے چھوڑ دیں گے؟ یہاں پر کچھ لوگوں نے کہا کہ آپ پاکستان کو مزید ethnically divide کریں گے، لوگوں کے درمیان rifts پیدا ہوں گی۔ آپ کسی کو نہیں کہہ سکتے کہ میں impose کرنا چاہتا ہوں for you to be Pakistani. You have to care for them to make them free like a

آپ اگر اس کو کہیں گے کہ Pakistani. You cannot impose on them. آپ نے provinces کے نام بدلنے ہیں تو یہ انسانی فطرت ہے کہ وہ revolt کرے گی۔ وہ، وہ چیز چاہے گی جو وہ خود چاہتے ہیں۔ وہ کبھی آپ کی بات نہیں مانیں گے۔ اگر ہم نے اس پر صحیح طور سے بات کرنی ہے، اگر ایک constructive solution نکالنا ہے تو ہمیں چاہیے کہ ہم اس میں ریفرینڈم یا کوئی اور broader context رکھیں کہ اگر feasible ہے اور کوئی linguistic or ethnic base پر صوبہ چاہتا ہے، کہیں پر اصل میں ethnic biasness ہے تو ہم اس کو دیکھیں اور consider کریں۔ ہم اپنے آپ کو rigid نہ کریں۔

محترمہ شہریلہ جلیل: میڈم سپیکر! میں ایک چیز clear کرنا چاہتی ہوں۔ اگر آپ کی اجازت ہو۔

Madam Deputy Speaker: On point of order, you can not clear it.

جناب سلمان خان شنواری: جیسا کہ میں کہہ رہا تھا کہ ہمیں اپنے آپ کو اتنا rigid نہیں کرنا چاہیے۔جس طرح اس دن برگیڈئر صاحب کہہ رہے تھے کہ ہم ایک extreme کی طرف نہ جائیں، اپنے آپ کو تھوڑا سا کھلا رکھیں۔ اگر ہم اسی طرح سے چلتے رہیں گے تو ہم میں اور ایک dictator میں کوئی فرق نہیں رہے گا۔ ہمیں چاہیے کہ ہم لوگوں کی خدمت کریں، بجائے اس کے کہ ان پر imposition کریں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، شنواری صاحب we got your point.

جناب سلمان خان شنواری: میں ایک آخری چیز کہنا چاہوں گا کہ میں ایک amendment propose کروں گا۔

Madam Deputy Speaker: I will come to you in the end. Umar Raza Sahib.

جناب عمر رضا: میڈم! یہاں نئے صوبے بنانے کی بات کی گئی ہے اور کئی نام سامنے آ چکے ہیں اور ان علاقوں کے لوگ چاہتے ہیں کہ ان کو الگ صوبہ دیا جائے تو میں اس کو تھوڑا سا بات کو واضح کرنا چاہوں گا۔ بہاولپور بہت بڑی ریاست رہ چکی ہے اور اس نے اس ملک کے لیے کافی کام کیا ہے۔ اگر نئے صوبے بنائے جائیں تو پہلے بہاولپور کو بنایا جائے کیونکہ وہاں پر صوبے کی body موجود ہے۔ اس کے علاوہ میں صدر صاحب کے بیان سے اختلاف کروں گا۔ انہوں نے کہا تھا کہ ہم اسی حکومت میں سرائیکستان کو بنا دیں گے تو اس کا جو نقشہ وہ پیش کر رہے ہیں، اس میں بہاولپور کو بھی شامل کیا گیا

ہے۔ آپ اس کو دوسرا کراچی نہ بنائیں کیونکہ اگر ایسا ہوا تو یہ علاقہ بھی کراچی کی طرح ہو گا۔ میرے بھائیوں نے بات کی کہ governance good بنانے کے لیے اور administrative basis پر صوبے بنانا چاہیے ہیں تو میں بھی یہی چاہتا ہوں کہ اسی بنیاد پر صوبے بنائے جائیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔جناب توصیف عباسی صاحب۔

جناب توصیف عباسی: میڈم سپیکر! بہت شکریہ۔ ہمارے بھائی نے بات کی کہ ہمارے جو natural resources تقریباً ختم ہونے والے ہیں اور 2025 میں مکمل طور پر ختم ہو جائیں گے۔ میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ کیا ساٹھ سال میں پڑے پڑے ہی ختم ہو گئے ہیں یا ہم نے ان کو استعمال کر کے ختم کیا ہے؟ میرے خیال میں وہ سوئے سوئے ہی ختم ہو گئے ہوں تو ہوں لیکن ہم نے ان کو utilize کرنے کی کوشش نہیں کی۔

دوسرا یہ کہوں گا کہ provinces کی demarcation کا معاملہ اتنا آسان نہیں ہے۔ جذبات میں آ کر اگر ہم کوئی اس طرح کا فیصلہ کریں کہ linguistic or administrative basis پر ہونے چاہییں۔ میرے خیال میں اس سلسلے میں ایک فارمولہ بنانے کی ضرورت ہے۔ چونکہ اس میں کافی dimensions دیکھنی پڑتی ہیں کہ آپ جو صوبہ بنانا چاہ رہے ہیں، اس کے resources کو دیکھنا پڑتا ہے۔ وہاں پر کتنی tax collection ہے، اس کو دیکھنا پڑتی ہے اور آپ کو وہاں پر کتنی development required ہے as compared to other province جس سے اس کو الگ کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ وہاں پر agriculture, hydel کی کیا صورتحال ہے۔ ایک صوبہ demark کرنے کے لیے یہ ساری چیزیں ہیں جن کو مدنظر رکھنا پڑے گا۔ اس سلسلے میں یہ ایک خوش آئند بات ہے کہ آپ نے ایک کمیٹی بنائی ہے جس میں حکومت اور اپوزیشن دونوں طرف کے لوگ شامل کیے گئے ہیں۔ اس پر working ہونی چاہیے، جو لوگ اس میں interested ہیں، جو input کرنا چاہ رہے ہیں، ان کو اس کمیٹی کو input دینی چاہیے اور میں خود voluntarily اس میں input کرنا چاہوں گا تا کہ جب ہم next time House میں آئیں تو ایک final result کے ساتھ آئیں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب حفیظ اللہ وزیر صاحب۔

جناب حفیظ اللہ وزیر: میں زیادہ تو کچھ نہیں کہوں گا کیونکہ اس resolution پر پہلے بھی کافی debate چکی ہے۔ آج شاید اس لیے لایا گیا ہے جو ممبران رہ گئے تھے، وہ بھی اس پر بحث کریں۔ آج

ہمیں ان کے views کا بھی پتا چلا۔ ہم پہلے حکومت کی policy دے چکے ہیں۔ اس دن وزیر اعظم صاحب نے بتایا تھا اور ان کا اپوزیشن کے ساتھ بھی اس سلسلےمیں consensus develop ہو چکا ہے کہ نئی administrative base policy پر بنائیں گے۔ Opposition Leader Sahib کو جو request ہے کہ اس پر کمیٹی بنے تو special committee کا جو طریقہ ہے ، میں بہتر سمجھتا ہوں کہ یہ کمیٹی آج ہی بن جائے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Shaheera Jalil, what were you trying to clear…

محترمہ شہیرہ جلیل: سپیکر صاحبہ!میں صرف یہ clear کرنا چاہ رہی ہوں کہ administration demarcation سے مراد ہی یہ ہے کہ جہاں پر ethnic, linguistic problems ہیں، وہ administrative demarcation کے formula میں شامل ہو جاتی ہے لہذا ان دونوں چیزوں کو الگ نہ کیا جائے۔ اگر کہیں سےآوازیں اٹھ رہی ہیں، administration کا مطلب ہے کہ اگر demarcate ہو گئے تو ان کو administer کرنا آسان ہو جائے گا۔ ہم ان چیزوں کو بھی address کریں گے، اس لیے ان کو separate کر کے نہ دیکھا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ سلمان خان شنواری صاحب۔

Mr. Salman Khan Shinwari: This House is of the opinion that due to the prevalent administrative crisis and lack of the governance in the remote areas of various provinces, the resources are not being utilized to the fullest and there is a lack of provision of rights of the people. Therefore, there is a dire need to demarcate the province on the basis of feasibility of the provinces and prompt action should be taken.

میں نے اس میں سے administrative والی بات نکال دی اور وجہ بھی بتا دی ہے کیونکہ ہم اپنے آپ کو صرف administrative پر constrain کر لیں گے۔ ایک lawyer کے طور پر دیکھیں تو وہ ہمارے لیے بہت بڑا مسئلہ بن جائے گا۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب وزیر اعظم صاحب، آپ نے کمیٹی بنا لی ہے؟

جناب وزیر اعظم: میں یہ بتانا چاہوں گا کہ ہماری اپوزیشن سے میٹنگ ہوئی ہے اور almost سب چیزیں clear ہیں اور administrative کی definition پر ہمارا consensus تھا۔ تین ممبران اپوزیشن سے اور تین ممبران حکومت کی پارٹی کے ہوں گے اور جو mechanism ہو گا،

وہ under the definition of the administration define کریں گے تا کہ اپوزیشن کی رائے کا اظہار بھی ہو جائے۔ انہوں نے ہمارے ساتھ consensus develop کیا ہے۔ کافی چیزوں پر arguments اور بات ہوئی ہے۔ اس لیے جو کمیٹی ہو گی that will be supreme on that issue.

Under the definition of administration, that was my party's stance. Thank you.

Madam Deputy Speaker: Thank you. Now I will put the resolution to the House.

> "This House is of the opinion that due to the prevailing administrative crisis and lack of the governance in the remote areas of various provinces, resources are not being utilized to the fullest and there is a lack of provision of rights of the people. Therefore, there is a dire need to demarcate the provinces solely on the basis of the feasibility of the provinces and prompt action should be taken in this regard" .

(The motion was adopted)

جناب فہد مظہر علی: میڈم سپیکر! اگر اجازت ہو تو میں کوئی بات واضح کرنا چاہتا ہوں۔ میں وزیر اعظم صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ عباسی صاحبmember of the National Assembly کے ساتھ meetings arrange کرنے کا ہمارا پہلے کا experience ہے تو اگر ان کو اس کمیٹی کا ممبر بنایا جائے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ دونوں بیٹھ کر مشورہ کر لیجیے گا کہ کیا کرنا ہے۔ یہ آج ہی کر لیجیے گا

and please decide the members today. Now Mr. Hassan Ashraf would like to introduce a Bill to further amend the Article 256 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. In order to empower the liberated territories of Azad Jammu and Kashmir and Gilgat Biltistan.

جناب تیمور شاہ: میڈم سپیکر! ایک regulation کی بات بتانا چاہتا ہوں apart from this Bill. یہ تین ممبران جو Bill لا رہے ہیں، یہ اسی کمیٹی کے ہیں جو اس specific issue کے reference سے ہے۔ اگر یہ Bill pass ہونا ہے اور یہ ممبران چاہتے ہیں کہ یہ Standing Committee میں جائے تو یہ چلا جائے گا اور اگر یہ نہیں چاہتے تو یہ معاملہ کمیٹی کو نہیں جائے گا it is upon their disposal. یہ clause میں

لکھا ہوا ہے کہ اگر عامر عباس طوری صاحب، حسن اشرف صاحب اور سراج میمن صاحب یہ تینوں چاہتے ہیں تو یہ کمیٹی کو چلا جائے گا۔

(مداخلت)

جناب تیمور شاہ: مثلاً سراج میمن صاحب Law and Parliamentary Affairs کے---

Madam Deputy Speaker: Talk to me, don't address each other please.

جناب تیمور شاہ: حسن اشرف صاحب جو Bill لا رہے ہیں، وہ AJK سے related ہے۔ وہ matter out rightly کمیٹی کو refer ہو جائے گا۔ Being Hassan Ashraf a member of that committee اگر یہ ایک motion move کر دیں کہ میں نہیں چاہتا کہ یہ Standing Committee میں جائے تو it will be considered that from the Standing Committee یہ معاملہ سیدھا House میں آ گیا ہے۔ اگر یہ ایسا motion move نہیں کرتے تو automatically refer ہوجائے گا۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Ok, I got your point.

Mr. Hassan Ashraf: Madam Speaker, thank you.

پہلے ایک چھوٹی سی بات کر لوں میں اپوزیشن سے گلہ شکوہ کرنا چاہتا تھا لیکن مجھے ایک خبر ملی کہ اپوزیشن نے ہماری باتوں کا notice لیا اور اپنی پارٹی کا manifesto تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا۔ مجھے اندازہ نہیں ہے کہ انہوں نے اپنے manifesto میں جس میں آج سے پہلے آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کا نام نہیں تھا، یہ کس context میں لکھا ہے لیکن میرا دل اس بات پر خوش ہو گیا ہے کہ انہوں نے آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کےمسئلے پر توجہ دی اور اپنی پارٹی کے manifesto میں اس خطے کا نام لکھ کر ایک policy دی جس کے لیے میں دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

Mr. Tabraiz Sadiq Marri: No amendment has been made as yet. Thank you.

Mr. Hassan Ashraf: This Bill has been approved from the Standing Committee of Interior, Kashmir, GB and FATA. As you referred the matter to the Committee on Wednesday….

Madam Deputy Speaker: Was the report submitted to the Secretariat?

جناب حسن اشرف: ہم نے Bill جمع کرایا تھا۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جو کمیٹی کی رپورٹ تھی،وہ جمع کرائی تھی؟

Mr. Hassan Ashraf: As the member mentioned that this Bill does not have to go to the Law and Parliamentary Committee and we can put it for voting today. I will read it out.

Further to amend the constitution of Islamic republic of Pakistan.

Whereas it is expedient further to amend the constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purpose hereinafter appearing:

It is hereby enacted as follows;

1) Short title and commencement: (1) This Act may be called as constitutional (21s amendment) Bill 2012. (2) It shall come in force at once.

2) Amendment of the article 257 of the constitution: in the constitution of the Islamic republic of Pakistan, hereinafter referred to as the constitution, Article 257 shall be substituted by the following 8 clauses.

"Provisions regarding the State of Jammu and Kashmir

257. (1) The final disposition of the State of Jammu and Kashmir shall be made in accordance with the will of the people of the State expressed through the democratic method of a free and impartial plebiscite conducted under the auspices of the United Nations in accordance with the relevant resolutions of the United Nations Security Council and the United Nations Commission for India and Pakistan.

(2) When the people of the State of Jammu and Kashmir decide to accede to Pakistan, the relationship between Pakistan and that State shall be determined in accordance with the wishes of the people of that State.

(3) The term liberated territories used in article 257 is applied to the areas of State of Jammu and Kashmir liberated from Indian control which are Independent Jammu And Kashmir and Gilgit-Baltistan.

(3) The liberated territories will be given their share as given to the provinces by the Federal government of Pakistan for any activity and project which utilizes the natural resources of the liberated territory.

(4) Federal Government shall be responsible to administer the subjects of the liberated territories as mentioned in the UNCIP resolutions which include defence, currency, communications and foreign affairs till the implementation of Security Council resolutions on Kashmir. Rest of the subjects will not be included in any concurrent list and will be the responsibility of the liberated territories including Foreign Trade & Foreign Aid.

(5) Federal government shall lift the restriction of foreigners not being able to go to liberated regions.

(6)Federal government shall cease to appoint bureaucrats in the liberated territories without the consultation and approval of the liberated territories' governments.

(7)The liberated territories shall be allowed to amend their own constitution without seeking the approval of the federal government of Pakistan unless it affects the following

Accession of the State of Jammu and Kashmir to Pakistan

Defence Policy

Foreign Policy

Communication &

Currency

Citizenship

(8) The Federal Ministry of Kashmir Affairs and Gilgit-Baltistan shall be dissolved. The functions and the responsibilities of the ministry shall be delegated to the relevant liberated territory.

Statement of objectives and Reasons

It is essential to give AJK and GB due constitutional representation. The best way is to declare them the interim provinces of Pakistan till the implementation of Security Council resolutions, but both Pakistan's & Kashmir's leadership is against this because it compromises Pakistan's stance on State of Jammu & Kashmir that it is a disputed territory. Therefore, the liberated territories i.e. Azad Jammu & Kashmir and Gilgit-Baltistan, both are devoid of their due share in National Finance Commission, Council of Common Interests, National Economic Council and Indus River System Authority.

The above listed constitutional amendments of Article 257 will grant them regional autonomy without compromising Pakistan's claim over the State of Jammu and Kashmir. It will enable economic, social & constitutional development of the regions.

Thank you.

Madam Deputy Speaker: A lot of debate has been done in this regard. Leader of opposition.

جناب فہد مظہر علی: میڈم! اس draft میں mistake ہے۔ انہوں نے اس میں provision regarding the State Jammu Kashmir میں sub clauses دی ہیں، ان میں point 3 and point4 میں repetition ہے۔ اگر اس کو correct کر لیا جائے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: پڑھ کر بتائیں۔

جناب تبریز صادق مری: میڈم clauses 3 and 4 کی numbering میں problem ہے۔

جناب حسن اشرف: جی، مجھے غلطی نظر آ گئی ہے، ہم اس کو ٹھیک کر دیں گے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: آپ اس کی amendment کر لیں۔

جناب سلمان خان شنواری: میڈم! Clause 34 کے تحت اگر وہ نہیں چاہتے تو اس کو Standing Committee کو refer نہیں کیا جا سکتا لیکن اس پر consensus ہونا چاہیے۔ اگر House کی majority کہے گی تو وہ نہیں جائے گا۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: یہ کہاں لکھا ہوا ہے؟

جناب سلمان خان شنواری: یہ آپ کے rules میں لکھا ہوا ہے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: اس کو پڑھیے۔

Mr. Salman Khan Shinwari: Upon introduction, a Bill other than a Finance Bill shall stand referred to a Standing Committee concerned with the subject matter of the Bill. Provided that the member incharge may move that the requirement of this rule may be dispensed with and if the motion is carried, the provision of the rule shall apply to the Bill as if is received back from the Standing Committee on a day on which the motion was carried.

میڈم ڈپٹی سپیکر: یہ تو میں decide کروں گی کہ whether it will go to the Standing Committee or not. If it does not reach to the consensus.

جناب سلمان خان شنواری: سٹینڈنگ کمیٹی میں اس لیے جاتا ہے کہ اگر اس میں چھوٹی چھوٹی غلطیاں ہیں، ان کو نکال لیا جائے۔

جناب حسن اشرف: اس کی پہلی amendment یہ ہے۔

Article 257 shall be substituted by the following 9th clause and the Clause 3, the term liberated territory used in article 257 is applied to the areas of State of Jammu and Kashmir liberated from Indian control which is independent Jammu and Kashmir and Gilgit Baltistan. The next clause will be numbered as 4th , the next 5th, the next one 6th, next one 7, next 8th and the last one as 9.

Madam Deputy Speaker: Thank you.

جناب تیمور شاہ: میڈم سپیکر! Rules and regulations کے تحت یہ amendment ایک دن پہلے کرنی پڑے گی۔ One day before bringing the Bill to the House.

Madam Deputy Speaker: It is a printing error.

Mr. Taimoor Shah: If it is a printing error, then it can be done. If it is printing error, then it can be done. If he is proposing an amendment, he has to withdraw….

Madam Deputy Speaker: I just want to correct it that there will be no confusion.

(The Bill was passed unanimously)

Madam Deputy Speaker: Mr. Siraj Memon would like to introduce a Bill Further to amend the Article 247 (3) Constitution of the Islamic Republic of Pakistan in order to make the Parliament supreme for the entire country.

جناب سراج میمن: شکریہ ، میڈم سپیکر۔ آپ کے علم میں ہو گا کہ ایک دن پہلے اسBill کو لانے سے پہلے ایک motion آئی تھی کہ پاکستان کا آئین پورے ملک پر supreme نہیں ہے اور اس کو supreme بنانے کے لیے House میں بات کی گئی تھی اور consequently motion adopt کر لی گئی تھی۔ میں اب Bill پیش کر رہا ہوں۔

Further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

WHEREAS it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing:

It is hereby enacted as follows:

1. Short title and commencement:-

(1) This Act may be called the Constitution (Amendment) Act, 2012.
(2) It shall come into force at once.
2. Amendment in Article 247 clause (3) of the Constitution. In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, for Article 247 clause (3), the following shall be substituted.
"Act of [Majlis-e-Shoora (parliament)] shall apply to any Federally Administered Tribal Area or to any part thereof and also apply to a Provincial Administered Tribal Area, or to any part thereof. Act of Provincial Assemblies of Balochistan and Kheyber Pakhtunkha shall apply to a provincially Administered Tribal Area, or to any part thereof"
STATEMENT OF OBJECT AND REASONS
The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan makes the Parliament the supreme institution of Pakistan, but the highest institution does not enjoy supremacy throughout the country.
The laws enacted in the supreme institution, which has the real mandate from the people of Pakistan, do not apply in the Federally Administered Tribal Area and Provincially Administered Tribal Area, even though there are twenty parliamentarians from the Federally Administered Tribal Area, who can make laws for the other parts of the country, but cannot formulate laws for their constituencies from which they are elected.
It means, the parliamentarians cannot also raise the issues related to FATA in the parliament because that administrative system of FATA deals with the powers of the president. A question arises here that then why twenty parliamentarians from FATA are elected.
The parliament shall be supreme for the entire country.
2. The bill seeks to achieve the aforementioned objectives.
Thank you.

میڈم سپیکر! میں اس Bill کے بارے میں کچھ باتیں کرنا چاہوں گا۔ یہ motion میں پہلے ہی discuss ہو چکا ہے کہ parliament across the country supreme نہیں ہے۔ Statements of the objects میں لکھا ہوا

ہے کہ پارلیمنٹ فاٹا پر rule نہیں کر سکتی۔ فاٹا کے parliamentarians وہاں سے elected تو ہیں .but they can't enact for the constitutes اس لیے میری House سے گزارش ہو گی کہ ہمارے ہاں parliamentary democracy ہے اور اس کو مزید strengthen کرنے کے لیے یہ House Bill pass کرے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: عامر عباس طوری صاحب۔

جناب عامر عباس طوری: شکریہ، میڈم سپیکر۔ سراج میمن صاحب نے بڑے اچھے طریقے سے اس پر روشنی ڈالی ہے۔ اٹھارہویں ترمیم کے بعد صدر مملکت کے اختیارات پارلیمنٹ کو منتقل ہو گئے ہیں۔ ایک جمہوری طرز حکومت میں یہ بات سمجھ سے بالا تر ہے کہ جب اٹھارہویں ترمیم ہو گئ اور ہم نے 58 (2)b کی باتیں سنیں، اس کے لیے کافی تحریکیں چلیں لیکن tribal areas کے حوالے سے اختیارات ابھی تک صدر کے پاس کیوں ہیں؟ یہ بھی ایک dictatorship کی سی صورتحال ہے کہ کوئی بھی مسئلہ ہو، صدر براہ راست گورنر کو حکم جاری کرتا ہے جس کو گورنر political agents کے ذریعے سے وہاں پر apply کرتا ہے۔ اس Bill کے لانے کا purely مقصد یہ تھا کہ .parliament is the supreme institution of Pakistan یہ پاکستان کا اعلیٰ اختیاراتی ادارہ ہے۔ فاٹا آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کی طرح سے disputed territory بھی نہیں ہے تو article 247 میں اور ساتھ ہی جو دیگر clauses ہیں، ان میں بھی amendments آنی چاہییں۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب قائد حزب اختلاف۔

جناب فہد مظہر علی: میڈم! جن ممبران نے یہ Bill پیش کیا ہے اور FATA and AJK کی کمیٹی میں بھی ہماری membership موجود ہے اور وہاں پر question and answers ہوئے ہیں اور انہوں نے اس کو دیکھا ہے۔ اس لیے آپ کا اختیار ہے کہ اگر اس کو Law and Parliamentary Committee کو بھیجنا چاہیں یا voting کے لیے پیش کریں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جناب وزیر اعظم صاحب۔

جناب ہاشم عظیم (وزیر اعظم): میڈم سپیکر! شکریہ۔ سراج میمن صاحب اور عامر طوری صاحب نے بہت سے نکتے واضح کر دیے ہیں کہ parliament کی بالا دستی کے لیے جو Bill لائے ہیں اور اس میں ساری چیزیں واضح ہیں تو میں آپ سے درخواست کروں گا کہ اس پر voting کر لی جائے کیونکہ مجھے اس پر کوئی دو رائے نظر

نہیں آ رہیں۔ اس طرح سے وقت کی بھی بچت ہو گی کہ یہ دوبارہ کمیٹی کے پاس جائے اور پھر واپس آئے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Let us put it for voting.

(The Bill was passed unanimously)

